28/02/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

موسم

وادی میں دو روز سے موسم میں مثبت تبدیلی آنے کے بعد سے برف باری اور بارشوں کا سلسلہ اب تک جاری ہے ۔ مختلف اضلاع کے ہمارے نمائندوں نے اطلاع دی ہے کہ بیشتر بالائی علاقوں میں درمیانہ درجے سے شدید برف باری ہوئی ہے ۔

بانڈی پورہ اور کپواڑہ کے بالائی علاقوں میں قریب دو سے تین فٹ برف جمع ہوئی ہے جبکہ جنوبی کشمیر کے چند ایک علاقوں میں ایک سے دو فٹ برف جمع ہوئی ہے ۔ برف باری کی وجہ سے بیشتر سڑک رابطے آمد رفت کے□ئے بند ہو گئے ہیں جبکہ روزمرہ زندگی سے جڑی دیگر خدمات بھی متاثر ہوئی ہیں ۔

اس بیچ محکمہ موسمیات نے بالائی علاقوں میں کسی بھی جانی نقصان سے بچنے کے□ئے□وگوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت دی ہے جبکہ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اگلے 48 گھنٹوں تک سفر کرنے سے گریز کریں ۔ وادی میں موجودہ موسمی صورتحال کے بارے میں تفصیلات دیتے ہوئے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

گریز

وادی گریز کے کھنڈیال گاو

ں میں برف کے تودے گر آنے کے سبب دو رہائشی مکانوں کو نقصان پہنچاہے ۔ ہمارے نمائندے نے ایک سرکاری اہلکار کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ اس حادثے میں املاک کا نقصان ہوا ہے تاہم کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔ ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے بچاو اور راحت رسانی کا کام شروع کیا ہے ۔

امتحان

Ist Semester اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر نے آج منعقد ہونے والے امتحان کو ملتوی کیا ہے تاہمڈائریکٹر ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو اور سٹیٹبورڈ آف سکول ایجوکیشن کشمیر کے جوائنٹ سیکریٹری سورج سنگھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ آج سافٹ زون میں لئے جانے والے امتحان شیڈول کے مطابق ہوں گے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کوئی طالب علم آج امتحان میں شامل نہیں ہو سکے گا ، اس کا امتحان بعد میں لیا جائے گا ۔

درخشان اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے درگاہ حضرت بل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ماہ رمضان لمبارک کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے اس حوالے سے کہا۔

مسرت اسلام

ہینڈی کرافٹس او رہینڈلوم محکمہ کشمیر وادی میں تیار ہونے والی دستکاری مصنوعات کی بر آمدات کو بڑے پیمانے پر فروغ دینے کیلئے مسلسل کام کر رہا ہے ۔ اس حوالے سے محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کشمیر کے ڈائریکٹر مسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

قومی دن

ملک بھر میں آج سائنس کاقومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن ملک کے نامور سائنس دان سی وی رمن کی دریافت ” رمن Effect “۔ کے حوالے سے ہر سال 28 فروری کو منایا جاتا ہے

شاہراہ

شدید برف باری کی وجہ سے سرینگر جموں قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے بند ہے۔ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ شاہراہ پر اگلی ہدایات تک سفر کرنے سے گریز کریں ۔

اُدھر سرینگر کرگل روڑ // بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے□ئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 0 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ